PAPER CODE - 6101

گیارہویں کلاس 1st Annual 2024

تاریخ پاکستان — وقت = 30 منٹ — کل نمبر = 20

## حصہ معروضی

ہدایات: ہر جز کے چار ممکنہ جوابات A , B , C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر جز کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ایک سے زائد دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر۔1 — DGK-24

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | علامہ ابوریحان البیرونی کی جائے پیدائش ہے | طبرستان | ایران | جرجان | ترکستان |
| 2 | جہانگیر نے حضرت مجدد الف ثانیؒ کو کون سے قلعہ میں قید کیا؟ | قلعہ آگرہ | قلعہ گوالیار | قلعہ رہتاس | قلعہ لاہور |
| 3 | صوبہ روہیل کھنڈ کے دارالخلافہ کا نام ہے | لکھنؤ | کانپور | بریلی | الٰہ آباد |
| 4 | سرسید احمد خان عزیز النساء کا کیا لگتا تھا؟ | شوہر | بیٹا | اتالیق | بھانجا |
| 5 | 1886ء میں محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کی بنیاد رکھی | نواب محسن الملک نے | نواب وقار الملک نے | سرسید احمد خان نے | مولانا الطاف حسین حالی نے |
| 6 | مسلمانوں کی پہلی سیاسی تنظیم کس نے قائم کی؟ | سید امیر علی | نواب سلیم اللہ | سرسید | نواب وقار الملک |
| 7 | تقسیم بنگال کے وقت برصغیر کا وائسرائے کون تھا؟ | لارڈ رپن | لارڈ کرزن | لارڈ ڈفرن | لارڈ منٹو |
| 8 | تقسیم بنگال کا فائدہ کس کو ہوا؟ | ہندوؤں کو | سکھوں کو | مرہٹوں کو | مسلمانوں کو |
| 9 | مسلم لیگ کے قیام کی قرارداد کی تائید لاہور سے کس نے کی؟ | نواب محسن الملک نے | سید حسن بلگرامی نے | مولانا ظفر علی خان نے | حکیم اجمل خان نے |
| 10 | سانحہ جلیانوالہ باغ کب پیش آیا؟ | 12 اپریل 1919ء | 13 اپریل 1919ء | 11 اپریل 1919ء | 13 اپریل 1917ء |
| 11 | اسلام میں خلافت کا سلسلہ کب شروع ہوا؟ | خلفائے راشدین سے | خلفائے بنی امیہ سے | خلفائے بنی عباس سے | ترک خلفاء سے |
| 12 | علامہ اقبالؒ کا مولوی میر حسن سے کب رابطہ ہوا؟ | انٹر کے بعد | پرائمری کے بعد | مڈل کے بعد | میٹرک کے بعد |
| 13 | چودھری رحمت علی جس ضلع میں پیدا ہوئے اس کا نام ہے؟ | جالندھر | ہوشیارپور | گورداسپور | امرتسر |
| 14 | چودھری رحمت علی نے اپنی زندگی کے آخری دن کہاں گزارے؟ | لاہور | لائل پور | دہلی | لندن |
| 15 | کمیونل ایوارڈ کا اعلان کب ہوا؟ | 14 اگست 1932ء | 24 دسمبر 1932ء | 4 اگست 1932ء | 4 دسمبر 1932ء |
| 16 | 1935ء کے آئین کے تحت صوبائی الیکشن کب ہوئے؟ | 1935ء | 1939ء | 1936ء | 1937ء |
| 17 | قائداعظمؒ نے کانگریس کو کب چھوڑا؟ | 1920ء میں | 1919ء میں | 1917ء میں | 1913ء میں |
| 18 | پولیس فائرنگ سے 19 مارچ 1940ء کو لاہور میں کتنے خاکسار جاں بحق ہوئے؟ | 55 | 32 | 25 | 15 |
| 19 | کابینہ مشن نے صوبوں کے کتنے گروپ تجویز کیے؟ | 2 | 4 | 3 | 6 |
| 20 | پاکستان کی پہلی دستور یہ کا پہلا اجلاس کب ہوا؟ | 11 اگست | 13 اگست | 6 اگست | 14 اگست |

www.taleem360.com

**تاریخ پاکستان** وقت = 2 گھنٹے 30 منٹ ، کل نمبر = 80

حصہ انشائیہ

حصہ اول

DGK-24

**سوال نمبر2۔ کوئی سے آٹھ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔** 2x8=16

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | نظریات کی بنیادی طور پر کونسی دو اقسام ہیں ؟ | ii | اکبر کا دین الٰہی کن کن مذاہب کا ملغوبہ تھا ؟ |
| iii | حضرت شاہ ولی اللہؒ کا اصل نام اور لقب لکھیے۔ | iv | جنگ آزادی کی فوری وجہ بیان کیجیے۔ |
| v | جنگ آزادی کے دو ملت فروشوں کے نام لکھیے۔ | vi | غازی پور سائنٹیفک سوسائٹی کے تحت کس قسم کی کتابوں کا ترجمہ کیا گیا ؟ |
| vii | مدوجزر اسلام کس نے اور کس کی فرمائش پر لکھی ؟ | viii | سندھ مدرسۃ الاسلام میں تعلیم حاصل کرنے والے دو اہم ترین نام لکھیے۔ |
| ix | برہمو سماج نے عورت کو کیا مقام دیا؟ | x | دارالعلوم دیوبند میں انگریزی سکولوں کی کون کون سی خصوصیات تھیں ؟ |
| xi | 1905ء میں بنگال ایک بڑا صوبہ تھا اس میں کون کون سے علاقے شامل تھے ؟ | xii | بنگال کی دو بڑی فصلیں کون سی تھیں ؟ |

**سوال نمبر3۔ کوئی سے آٹھ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔** 2x8=16

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | وائسرائے ہند سے وقت حاصل کرنے کے لیے محسن الملک نے آرچ بولڈ کو کب خط لکھا ؟ | ii | 20 ویں صدی کے ابتدائی سالوں میں مسلمانوں کو کون کون سے دو دھچکے لگے ؟ |
| iii | 1906ء میں مسلم لیگ کے کون کون سے دو جوائنٹ سیکرٹری بنائے گئے ؟ | iv | مولانا ابو الکلام آزاد نے کون کون سے اخبار نکالے اور یہ کب جاری ہوئے ؟ |
| v | 1919ء کی آئینی اصلاحات کے تحت کونسل آف سٹیٹ اور مرکزی قانون ساز اسمبلی کی کتنی مدت تھی ؟ | vi | کل ہند خلافت کمیٹی کے پہلے صدر اور سیکرٹری کون تھے ؟ |
| vii | مسلمانوں نے ہندوؤں کی تحریک شدھی کا جواب کن تنظیموں کے قیام سے دیا ؟ | viii | افغانستان کے دورے پر علامہ اقبالؒ کے ہمراہ اور کون کون تھا ؟ |
| ix | علامہ اقبالؒ کی شاعری کے دوسرے دور کی خصوصیات کیا ہیں ؟ | x | چودھری رحمت علی کے کتابچہ Now or Never پر کس کس کے دستخط تھے ؟ |
| xi | چودھری رحمت علی کے منصوبہ پاکستان پر قائد اعظمؒ نے کیا تبصرہ کیا ؟ | xii | دہلی اخبار states man نے چودھری رحمت علی کے منصوبہ پاکستان پر کیا سرخی جمائی ؟ |

**سوال نمبر4۔ کوئی سے نو اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔** 2x9=18

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | پہلی گول میز کانفرنس کب شروع ہوئی اور کب ختم ہوئی ؟ | ii | علامہ اقبالؒ نے کون کون سی گول میز کانفرنس میں شرکت کی ؟ |
| iii | گول میز کانفرنسوں کے نتیجے میں کون کون سے دو نئے صوبے بنائے گئے ؟ | iv | 1935ء کا آئین کب نافذ ہوا اور اس کے تحت صوبائی الیکشن کب ہوئے ؟ |
| v | ودیا مندر اسکیم کون سے صوبے کے کس وزیر اعلیٰ نے نافذ کی ؟ | vi | قائد اعظمؒ کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟ |
| vii | قائد اعظمؒ کس کی ترغیب پر مسلم لیگ میں شامل ہوئے ؟ | viii | 1932ء کے بعد قائد اعظمؒ نے مستقل طور پر لندن قیام کا کیوں ارادہ کر لیا ؟ |
| ix | کانگرس نے کن مسلم اکثریتی صوبوں میں مسلمانوں کی آئینی اکثریت تسلیم کرنے سے انکار کیا ؟ | x | قرار داد پاکستان کس نے پیش کی اور اس کی تائید کس نے کی ؟ |
| xi | 1942ء میں کانگرس نے کیا نعرہ لگایا اور قائد اعظمؒ نے اس کا کیا جواب دیا ؟ | xii | شملہ کانفرنس کب شروع ہوئی اور کب ختم ہوئی ؟ |
| xiii | کن مسلم اقلیتی صوبوں میں مسلم لیگ کو 1946ء کے الیکشن میں 100 ٪ کامیابی ہوئی ؟ | | |

## حصہ دوم

**نوٹ: اس حصہ میں سے کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔** 3x10=30

| | |
|---|---|
| سوال نمبر۔5 | برصغیر میں دو قومی نظریے کے ارتقاء کے مختلف مراحل کا جائزہ لیجیے۔ |
| سوال نمبر۔6 | 1905ء میں بنگال کی تقسیم کیونکر ضروری تھی ؟ |
| سوال نمبر۔7 | مسلم لیگ کا قیام کب اور کیسے عمل میں آیا ؟ اس کے اغراض و مقاصد پر نوٹ لکھیے۔ |
| سوال نمبر۔8 | قائد اعظمؒ کے چودہ نکات لکھیے۔ |
| سوال نمبر۔9 | وزارتی منصوبے کے اہم نکات قلمبند کیجیے۔ |

www.taleem360.com